# ثلاثی مزید فیه

Triplet with additional letters verb

آپ نے فعل ثلاثی مجرد اوراس کے چھ ابواب پڑھ لئے ہیں۔

(نَصَرَ یَنْصُرُ ، ضَرَبَ یَضْرِبُ ، فَتَحَ یَفْتَحُ ، سَمِعَ یَسْمَعُ ، کَرُمَ یَکْرُمُ ، حَسِبَ یَحْسِبُ)

اب ہم ان چھ ابواب کے علاوہ مزید ابواب کے بارے میں پڑھیں گے۔

You have learnt فعل ثلاثی مجرّد and its six patterns (ابواب). Now we are going to learn more patterns besides these. Kinds of Verbs according to number of letters:

## تعداد حروف کے لحاظ سے فعل کی اقسام

Types of verbs according to numbers

تعداد حروف کے لحاظ سے فعل کی دو اقسام ہیں، پھر ان میں سے ہر ایک کی دو اقسام ہیں۔

According to numbers, there are two types of Verbs, and there is further classification into four types.

- ثلاثی
  - ثلاثی مجرد
  - ثلاثی مزید فیه
- رباعی
  - رباعی مجرد
  - رباعی مزید فیه

## فعل ثلاثی مجرد

Triplet bachelor verb

یہ وہ فعل ہے جس کے ماضی کے پہلے صیغے (واحد مذکر غائب) میں تین حروف ہوتے ہیں۔

Triplet Bachelor Verb فعل ثلاثی مجرَّد: This verb has three letters in its first segment of past tense (Singular Masculine Third person), three root letters.

دَخَلَ      دَرَسَ

عربی زبان میں 99.9 فیصد افعال ہیں جن کا مادہ تین حروف پر مشتمل ہوتا ہے۔ بعض افعال جو بظاہر تین سے کم نظر آتے ہیں ان کا اصل میں کوئی حرف حذف ہوا ہوتا ہے کسی قائدہ کے مطابق۔

In Arabic language 99.9% verbs have three letter roots. Some verbs which seem to have less than three letters have one of the letters dropped/omitted because of a certain rule

كُلْ (کھاو)      قِ (حفاظت کرو).


© copy rights reserved

## فعل ثلاثی مزید فیه
Triplet with additional letters verb

یہ وہ فعل ہیں جس میں تین حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو۔

Triplet with Additional Letters Verb فعل ثلاثی مزید فیه: This verb has additional letter/letters besides the three root letters.

دَرَسَ ← دَرَّسَ     دَخَلَ ← أَدْخَلَ

## فعل رباعی مجرد
quadrupled bachelor verb

یہ وہ فعل ہیں جس میں چاروں حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو۔

Quadrupled Bachelor Verb فعل رباعی مجرد: This verb has four letters in its roots, with no additional letters.

رباعی وزن فَعْلَلَ     دَمْدَمَ - وَسْوَسَ

## فعل رباعی مزید فیه
quadrupled with additional letters verb

یہ وہ فعل ہیں جس میں چاروں حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد بھی ہو۔

Quadrupled Bachelor Verb فعل رباعی مجرد: This verb has four letters in its roots, with no additional letters.

رباعی مزید فیه تَفَعْلَلَ     تَسَلْسَلَ - تَذَبْذَب


© copy rights reserved

# ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید فیہ کی پہچان

Distinguish between triplet bachelor and triplet with additional letters

ان کی شناخت کے لئے فعل ماضی کا پہلا صیغہ (واحد مذکر غائب (third person singular) کو دیکھیں گے۔

فعل ثلاثی مجرد کے پہلے صیغے میں ہمیشہ تین حروف اصلی ہوں گے اور ثلاثی مزید فیہ میں ان تین حروف اصلی کے علاوہ زائد

حروف additional letters بھی ہوں گے اس لئے اس کو مزید فیہ کہتے ہیں۔ مزید (اضافی (additional اور فیہ (اس میں)

One has to see the first segment of past tense.
فعل ثلاثی مجرّد always has three root letters while فعل ثلاثی مزید فیہ has more letters in addition to its three root letters. That's why it is called مزید فیہ (additional in it).

1۔ فعل ثلاثی مزید فیہ کے پہلے صیغے میں زائد حروف کا اضافہ یا تو فاء کلمہ سے پہلے ہوتا ہے یا فاء اور عین کلمہ کے درمیان ہوتا ہے۔

In the first segment of فعل ثلاثی مزید فیہ the additional letters are added before the first radical or between the first radical and the second radical.

2 ۔یہ اضافہ کبھی ایک (1) حرف کبھی دو یا تین (2,3) حروف کا بھی ہوتا ہے۔ تین بنیادی حروف کے مادہ میں جب 2،3 زائد حروف کا

اضافہ ہوتا ہے تو اس سے مزید فیہ کے نو (9) ابواب بنتے ہیں۔

There is an addition of 1 or 2 or 3 letters. According to these additions Nine Forms of Mazeed Fihi are made.

3 ۔ایک (1) حرف کے تمام ابواب میں علامت مضارع مضموم (يُ) اور عین کلمہ مکسور (عِ) ہوتا ہے۔

In all the forms which have addition of one letter, the sign of مضارع has a ضمہ (يُ) and the second radical has a کسرہ (عِ).

4۔ ایک مادہ ثلاثی مجرد کے باب سے ثلاثی مزید فیہ کے باب میں آتا ہے تو اس کے مفہوم میں بھی تبدیلی واقع ہوتی ہے یہ تبدیلی اس

باب کی خصوصیات کی وجہ سے ہوتی ہے۔ مزید فیہ کے ہر باب کی کچھ خصوصیات ہوتی ہیں۔ وہ ہم ہر باب میں الگ الگ پڑھیں گے۔

As a root transfers from ثلاثی مجرّد to ثلاثی مزید فیہ, a change occurs in its meanings. This change occurs because of a particular characteristic of that form. Every form of مزید فیہ has some characteristics which we will learn along with every form separately.


© copy rights reserved

# ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید فیہ کا فرق

The difference between triplet bachelor and triplet with additional letters

یاد رہے فعل ثلاثی مجرد میں مصدر بنانے کا کوئی قاعدہ نہیں ہے۔یعنی کوئی مقرر وزن نہیں ہے۔اہل زبان سے سن کر اس کے وزن لکھے گئے ہیں۔جو سماعی ہیں۔ثلاثی مجرد کے مصدر کے اوزان کو جاننے کے لئے ڈکشنری کو دیکھنا ہو گا۔ایک ہی فعل کے ایک سے زیادہ مصدر بھی آ سکتے ہیں۔

-لیکن اس کے بر عکس ثلاثی مزید فیہ کے ہر باب کا مصدر مقرر وزن پر ہوتا ہے۔اور خاص اور آسان بات یہ ہے کہ ثلاثی مزید فیہ ابواب کے مصدر کا وزن ہی باب کا نام ہوتا ہے یعنی ایک ہی لفظ دو رول ادا کرتا ہے۔(مصدر + باب کا نام)۔

Remember that فعل ثلاثی مجرّد does not have any rule to form its مصدر. It does not have any pattern. They are written as heard from the linguists. So they are سماعی. We can know the مصدر of a فعل ثلاثی مجرّد by referring to a dictionary. One فعل can have more than one مصدر.
Unlike this, every form of ثلاثی مزید فیہ has a مصدر on a fixed pattern and that only is the name of the form.

## استثناء

Exception

دو ابواب کا مصدر دو طرح سے آتا ہے یعنی ایک اور وزن پر آتا ہے لیکن باب کا نام ایک ہی رہتا ہے۔ان کی تفصیل آگے آئے گی۔

Exception: Two forms have their مصدر on two patterns. But the name of the form is on one pattern.

**نوٹ:** ایک اور بات بھی ذہن نشین کر لیں عام طور پر جب کسی فعل کا ماضی اور مضارع کا پہلا صیغہ بول کر ساتھ مصدر بھی بولنا ہوتا اس صورت میں مصدر کو حالت نصب میں پڑھا اور لکھا جاتا ہے۔مثلاً

One more point to remember is that when the مصدر is to be said along with the first segment of ماضی and مضارع it is said in accusative case.

عَلَّمَ ← يُعَلِّمُ ← تَعْلِيمًا (سکھانا)

یہ صرف اس صورت میں جب ماضی مضارع کا صیغہ بول کر مصدر بولا جائے ورنہ صرف مصدر مرفوع حالت ہی میں بولیں گے۔

یعنی **تَعْلِيمٌ** (سکھانا) اس کے نصب کی وجہ آگے مفعول کے سبق میں آئے گی انشاءاللہ۔

When مصدر is said separately, it is in nominative case. The reason of its accusative case will be dealt with in the lesson of مفعو

 © copy rights reserved 

# فعل ثلاثی مزید فیه أبواب

| امر حاضر | مضارع معلوم | ماضي معلوم | فارم نمبر | فعل ثلاثی مزید فیه<br>ابواب وزن | فعل ثلاثی مزید فیه<br>مصدر وزن |
|---|---|---|---|---|---|
| فَعِّلْ<br>ف عّ عِ لْ | يُفَعِّلُ<br>ي ف عّ عِ لُ | فَعَّلَ<br>ف عّ عَ لَ | (ii)-2 | تَفْعِيْلٌ | تَفْعِيْلٌ |
| فَاعِلْ<br>ف اا عِ لْ | يُفَاعِلُ<br>يُ ف ا عِ لُ | فَاعَلَ<br>ف ا عَ لَ | (iii)-3 | فِعَالٌ، مُفَاعَلَةٌ | فِعَالٌ، مُفَاعَلَةٌ |
| أَفْعِلْ<br>أ ف عِ لْ | يُفْعِلُ<br>يُ ف عِ لُ | أَفْعَلَ<br>أ ف عَ لَ | (iv)-4 | إِفْعَالٌ | إِفْعَالٌ |
| تَفَعَّلْ<br>ت ف عّ عَ لْ | يَتَفَعَّلُ<br>ي ت ف عّ عَ لَ | تَفَعَّلَ<br>ت ف عّ عَ لَ | (v)-5 | تَفَعُّلٌ | تَفَعُّلٌ |
| تَفَاعَلْ<br>ت ف ا عَ لْ | يَتَفَاعَلُ<br>ي ت ف ا عَ ل | تَفَاعَلَ<br>ت ف ا عَ لَ | (vi)-6 | تَفَاعُلٌ | تَفَاعُلٌ |
| اِنْفَعِلْ<br>اِ نْ ف عِ لْ | يَنْفَعِلُ<br>ي نْ ف عِ لُ | اِنْفَعَلَ<br>اِ نْ ف عَ لَ | (vii)-7 | اِنْفِعَالٌ | اِنْفِعَالٌ |
| اِفْتَعِلْ<br>اِ فْ ت عِ لْ | يَفْتَعِلُ<br>ي فْ ت عِ لُ | اِفْتَعَلَ<br>اِ فْ ت عَ لَ | (viii)-8 | اِفْتِعَالٌ | اِفْتِعَالٌ |
| اِفْعَلَّ<br>اِ فْ عَ لْ لَ | يَفْعَلُّ<br>ي فْ عَ لْ لُ | اِفْعَلَّ<br>اِ فْ عَ لْ لَ | (ix)-9 | اِفْعِلَالٌ | اِفْعِلَالٌ |
| اِسْتَفْعِلْ<br>اِسْ ت ف عِ لْ | يَسْتَفْعِلُ<br>ي سْ تَ ف عِ لُ | اِسْتَفْعَلَ<br>اِ سْ ت ف عَ لَ | (x)-10 | اِسْتِفْعَالٌ | اِسْتِفْعَالٌ |


© copy rights reserved
انجم گیلانی

# ہمزۃ سے شروع ہونے والے فعل ثلاثی مزید فیه أبواب

Triplet with additional letters abwab Starting with Hamza

| فعل ثلاثی مزید فیه مصدر وزن | فعل ثلاثی مزید فیه ابواب وزن | فارم نمبر | ماضي معلوم | ہمزۃ قطعی | مضارع معلوم |
|---|---|---|---|---|---|
| إِفْعَالٌ | إِفْعَالٌ | (iv)–4 | أَفْعَلَ | أ ف ع ل | يُفْعِلُ |
| اِنْفِعَالٌ | اِنْفِعَالٌ | (vii)–7 | اِنْفَعَلَ | ا ن ف ع ل | يَنْفَعِلُ |
| اِفْتِعَالٌ | اِفْتِعَالٌ | (viii)–8 | اِفْتَعَلَ | ا ف ت ع ل | يَفْتَعِلُ |
| اِفْعِلَالٌ | اِفْعِلَالٌ | (ix)–9 | اِفْعَلَّ | ا ف ع ل ل | يَفْعَلُّ |
| اِسْتِفْعَالٌ | اِسْتِفْعَالٌ | (x)–10 | اِسْتَفْعَلَ | ا س ت ف ع ل | يَسْتَفْعِلُ |

Lughatul Quran


© copy rights reserved